# [TO BE INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

Bill

*further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan*

**Whereas** it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement.**-- (1) This Act shall be called the Constitution (Twenty-sixth Amendment) Act, 2022.

(2) It shall come into force at once in the manner as stated below:-

(a) the existing members of the *Majlis-e-Shoora* (Parliament) from the Punjab and the existing members of the Provincial Assembly of the Punjab shall complete their respective terms; and

(b) political, administrative and financial measures and necessary steps under the electoral laws shall be taken to complete the formation of the new province of South Punjab before the general elections to be held after the general elections, 2018.

2. **Amendment of Article 1 of the Constitution.**– In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, hereinafter referred to as the Constitution, in Article 1, in clause (2), for paragraph (a), the following shall be substituted, namely:--

"(a) the Provinces of Balochistan, the Khyber Pakhtunkhwa, the Punjab, Sindh and South Punjab.

**Explanation.**– The Province of South Punjab shall comprise the existing territorial boundaries of Multan, Bahawalpur and Dera Ghazi Khan Divisions which shall stand excluded from the Province of the Punjab;".

3. **Amendment of Article 51 of the Constitution:** - In the Constitution, in Article 51, in clause (3), for the Table, the following shall be substituted, namely:-

| | "General seats | Women seats | Total seats |
|---|---|---|---|
| Balochistan | 16 | 4 | 20 |
| Khyber Pakhtunkhwa | 45 | 10 | 55 |
| The Punjab | 95 | 22 | 117 |
| Sindh | 61 | 14 | 75 |
| South Punjab | 46 | 10 | 56 |
| Federal Capital | 3 | - | 3 |
| Total | 266 | 60 | 326". |

4. **Amendment of Article 59 of the Constitution.–** In the Constitution, in Article 59,–

(A) in clause (1),–

(a) for the words "ninety-six" the words "one hundred and nineteen" shall be substituted; and

(b) in paragraph (f), for the word "four" the word "five" shall be substituted; and

(B) after clause (3A), the following new clause (3B) shall be inserted, namely:-

"(3B) Notwithstanding the provisions of clause (3) or any other provision or law for the time being in force, from amongst the members elected by the Provincial Assembly of the new Province of South Punjab,–

(a) under paragraph (a) of clause (1), seven shall retire in March, 2024 and seven shall retire in March, 2027;

(b) under paragraph (d) of the aforesaid clause, two shall retire in March, 2024 and two shall retire in March, 2027; and

(c) under paragraph (e) of the aforesaid clause, two shall retire in March, 2024 and two shall retire in March, 2027.".

5. **Amendment to Article 106 of the Constitution.–** In the Constitution, in Article 106, in clause (1), for the Table, the following shall be substituted, namely :-

| | "General seats | Women seats | Non-Muslims seats | Total seats |
|---|---|---|---|---|
| Balochistan | 51 | 11 | 3 | 65 |
| Khyber Pakhtunkhwa | 115 | 26 | 4 | 145 |
| The Punjab | 202 | 45 | 5 | 252 |
| Sindh | 130 | 29 | 9 | 168 |
| South Punjab | 95 | 21 | 3 | 119". |

6. **Amendment of Article 175A of the Constitution.–** In the Constitution, in Article 175A, after clause (6), the following new clause (6A) shall be inserted, namely :-

"(6A) For initial appointment of the Chief Justice and Judges of the South Punjab High Court, the Chief Justices of all the four Provincial High Courts and the Islamabad High Court shall also be members of the Commission.".

7. **Amendment of Article 198 of the Constitution.–** In the Constitution, in Article 198,-

(a) after clause (1A), the following new clause (1B) shall be inserted, namely :-

"(1B) The High Court of South Punjab shall have its principal seat at Multan.";

(b) in clause (3),–

(i) [illegible] comma "each at Bahawalpur, Multan and", the [illegible] shall be substituted; and

(ii) for full-stop at the end, the following shall be substituted, namely:–

"; the South Punjab High Court shall have a Bench at Bahawalpur.".

8. **Amendment of Article 218 of the Constitution.**– In the Constitution, in Article 218, in clause (2), in paragraph (b), for the word "four", the word "five" shall be substituted.

## Statement of Objects and Reasons

The creation of a separate province of South Punjab is a longstanding aspiration of the people of that region. The people from Southern Punjab continue to press for the establishment of a new province of South Punjab. This Constitutional Amendment Bill seeks to meet the genuine demand for creation of the province of South Punjab comprising Multan, Bahawalpur and Dera Ghazi Khan Divisions. The Bill seeks to achieve the above objectives.

**Minister In-charge**

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

# اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ دستور (چھبیسویں ترمیم) ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے نام سے موسوم ہوگا،

(۲) یہ فی الفور ایسے طریقہ میں نافذ العمل ہوگا جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے:۔

**(الف)** پنجاب سے مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کے موجودہ ارکان اور پنجاب کی صوبائی اسمبلی کے موجودہ ارکان اپنی متعلقہ مدت پوری کریں گے؛

**(ب)** عام انتخابات، ۲۰۱۸ء کے بعد ہونے والے عام انتخابات سے قبل جنوبی پنجاب کے نئے صوبے کی تشکیل کو مکمل کرنے کے لیئے انتخابی قوانین کے تحت سیاسی، انتظامی اور مالیاتی اقدامات اور ضروری اقدام لیئے جائیں گے۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ۱ کی ترمیم:۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں، بعد ازیں جس کا حوالہ دستور کے طور پر دیا گیا ہے، کے آرٹیکل ۱ میں، شق (۲) میں، پیراگراف (الف) میں، حسب ذیل کو تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"**(الف)** بلوچستان، خیبر پختونخواہ، پنجاب، سندھ اور جنوبی پنجاب کے صوبوں؛

**تشریح:۔** جنوبی پنجاب کا صوبہ ملتان، بہاولپور، اور ڈیرہ غازی خان ڈویژن کی موجودہ علاقائی سرحدوں پر مشتمل ہوگا جنہیں پنجاب سے خارج تصور کیا جائے گا"۔

۳۔ **دستور کے آرٹیکل ۵۱ کی ترمیم:۔** دستور میں آرٹیکل ۵۱ میں ۔۔

شق (۳) میں ٹیبل حسب ذیل سے تبدیل کردیا جائے گا:۔

| | عام نشستیں | خواتین کی نشستیں | کل نشستیں |
|---|---|---|---|
| بلوچستان | ۱۶ | ۴ | ۲۰ |
| خیبر پختونخواہ | ۴۵ | ۱۰ | ۵۵ |
| پنجاب | ۹۵ | ۲۲ | ۱۱۷ |
| سندھ | ۶۱ | ۱۴ | ۷۵ |
| جنوبی پنجاب | ۴۶ | ۱۰ | ۵۶ |
| وفاق | ۳ | ۔ | ۳ |
| کل | ۲۶۶ | ۶۰ | ۳۲۶" |
| | | | |

۴۔ **دستور کے آرٹیکل ۵۹ کی ترمیم:۔** (۱) دستور میں، آرٹیکل ۵۹ میں، ۔۔

**(الف)** شق (۱) میں، ۔۔

**(الف)** الفاظ "چھیانوے" کو الفاظ "ایک سو اُنیس" سے تبدیل کردیے جائیں گے؛

**(ب)** پیراگراف (و) میں لفظ "چار" کو الفاظ "پانچ" سے تبدیل کردیے جائیں گے۔

**(ب)** شق (۳ الف) کے بعد حسب ذیل نئی شق (۳ب) کو شامل کردیا جائے گا، یعنی:۔

"(۳ب) شق (۳) یا دیگر کسی دفعہ یا فی الوقت نافذ العمل قانون کے احکامات کے باوصف، نئے صوبہ جنوبی پنجاب کی صوبائی اسمبلی کی جانب سے منتخب کردہ اراکین:

**(الف)** شق (۱) کے پیراگراف (الف) کے تحت، سات مارچ، ۲۰۲۴ء میں ریٹائرڈ ہوجائیں گے اور سات ۲۰۲۷ء میں ریٹائرڈ ہوجائیں گے۔

(ب) مذکورہ بالا شق [illegible]، دو مارچ ۲۰۲۴ء میں ریٹائرڈ ہو جائیں گے اور
دو مارچ ۲۰۲۷ء میں ریٹائرڈ ہو جائیں گے؛ اور

(ج) متذکرہ بالا شق کے پیراگراف (د) کے تحت، دو مارچ ۲۰۲۴ء میں سبکدوش ہوں گے اور دو مارچ، ۲۰۲۷ء میں سبکدوش ہوں گے۔

**۵۔ دستور کے آرٹیکل ۱۰۶ کی ترمیم:۔** (۱) دستور میں، آرٹیکل ۱۰۶ میں، شق (۱) میں، میزان کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

| | عام نشستیں | خواتین | غیر مسلم | کل نشستیں |
|---|---|---|---|---|
| بلوچستان | ۵۱ | ۱۱ | ۳ | ۶۵ |
| خیبر پختون خواہ | ۱۱۵ | ۲۶ | ۴ | ۱۴۵ |
| پنجاب | ۲۰۲ | ۴۵ | ۵ | ۲۵۲ |
| سندھ | ۱۳۰ | ۲۹ | ۹ | ۱۶۸ |
| جنوبی پنجاب | ۹۵ | ۲۱ | ۳ | ۱۱۹ |

**۶۔ دستور کے آرٹیکل ۱۷۵ الف کی ترمیم:۔** (۱) دستور میں، آرٹیکل ۱۷۵ الف میں، شق (۶) کے بعد، حسب ذیل نئی شق (۶ الف) کا اندراج کیا جائے گا، یعنی:۔

"(۶ الف) عدالت عالیہ جنوبی پنجاب کے چیف جسٹس صاحب اور جج صاحبان کی ابتدائی تقرری کے لیئے چاروں صوبائی عدالت عالیہ اور عدالتِ عالیہ اسلام آباد کے تمام چیف جسٹس صاحبان کمیشن کے اراکین بھی ہوں گے"۔

**۷۔ دستور کے آرٹیکل ۱۹۸ کی ترمیم:۔** (۱) دستور میں، آرٹیکل ۱۹۸ میں،۔

(الف) شق (1 الف) کے بعد، حسب ذیل نئی شق (1 ب) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:

"(1 ب) عدالت عالیہ جنوبی پنجاب کا صدر مقام ملتان میں ہوگا"۔

(ب) شق (۳) میں،۔۔

(اول) الفاظ ''ہر ایک بہاولپور، ملتان میں اور'' کو لفظ ''بھی'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(دوم) آخر میں ختمہ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا:۔

'' ؛عدالت عالیہ جنوبی پنجاب کا ایک بینچ بہاولپور میں ہوگا۔''

**۸۔ دستور کے آرٹیکل ۲۱۸ کی ترمیم:۔** (۱) دستور میں، آرٹیکل ۲۱۸ میں، شق (۲) میں، ذیلی شق (ب) میں، لفظ ''چار'' کو لفظ ''پانچ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

جنوبی پنجاب کے علیحدہ صوبے کی تخلیق اس علاقے کے لوگوں کی دیرینہ خواہش ہے۔ جنوبی پنجاب کے لوگ، جنوبی پنجاب کے نئے صوبے کے قیام کے لیے مسلسل دباؤ ڈال رہے ہیں۔ یہ دستوری ترمیمی بل جنوبی پنجاب کے صوبے کی تخلیق کے حقیقی مطالبے کو پورا کرنے کا متلاشی ہے جو ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان ڈویژن پر مشتمل ہے۔ بل متذکرہ اغراض کے حصول کا متلاشی ہے

**وزیر انچارج**